# ۴۔ سمت اور نقشہ

اساتذہ کے لیے

- اس سبق میں سمتوں اور نقشہ کی پہچان کروائی گئی ہے۔ یہ چیزیں طلبہ کے لیے غیر مرئی شکل میں ہونے کے سبب اسے مناسب طریقے سے سمجھاتے وقت احتیاط برتی جائے۔ • عملی کام پر زور دیا جائے۔ • اس سبق میں صرف اہم سمتوں ہی پر دھیان دیا جائے۔ بچوں کو قطب نما استعمال کے لیے دیا جائے۔ • یہ اہم بات طلبہ کو سمجھائی جائے کہ نقشہ میں سمتوں کا مطالعہ مقامی علاقوں سے جوڑ کر کیا جاتا ہے۔




## آؤ یہ کر کے دیکھیں!

جماعت میں دو قطاریں بناؤ۔ پھر ایک دوسرے کے سامنے کھڑے ہو جاؤ۔ اب آگے دیے ہوئے سوالوں کے جواب اپنے سامنے کھڑے طالب علم/ طالبہ سے کہو۔

۱۔ جماعت میں تختۂ سیاہ تمھاری کس جانب ہے؟

۲۔ جماعت کا خاص دروازہ تمھاری کس جانب ہے؟

۳۔ استاد کی میز تمھاری کس جانب ہے؟

تمھارے جواب اور تمھارے سامنے کھڑے طالب علم/ طالبہ کے جواب تم سے الگ ہیں نا؟ ایسا کیوں؟ فرض کرو تختۂ سیاہ تمھارے دائیں جانب ہے تو وہ تمھارے سامنے موجود طالب علم/ طالبہ کی بائیں جانب ہوگا۔ تختۂ سیاہ تمھارے پیچھے ہوگا تو تمھارے سامنے موجود طالب علم/ طالبہ کے سامنے ہوگا۔

اسی طرح جماعت کا خاص دروازہ اور استاد کی میز کے متعلق تمھارے اور تمھارے سامنے کھڑے طالب علم/ طالبہ کے جواب الگ الگ ہوں گے۔ دائیں، بائیں، آگے اور پیچھے ان جوابوں سے کوئی چیز واقعی کہاں ہے یہ بتانا مشکل ہے۔ اسی لیے کوئی چیز کہاں ہے یا کس جانب ہے یہ بتانے کے لیے سمتوں کا استعمال کیا جاتا ہے۔





آؤ یہ کر کے دیکھیں!

اب ہم سمتوں کا استعمال کر کے پہلے پوچھے گئے اوپر دیے ہوئے سوالوں کے جواب دوبارہ تلاش کرنے کی کوشش کریں گے۔
استاد کی مدد سے جماعت کی دیواروں پر خاص سمتیں لکھو۔ اب دوبارہ ایک دوسرے کے سامنے کھڑے ہو جاؤ۔ ایک دوسرے کو بتاؤ کہ جماعت میں تختۂ سیاہ، خاص دروازہ اور استاد کی میز کس سمت میں ہے۔
اب تمھارے اور تمھارے سامنے کھڑے طالب علم/ طالبہ کے جواب یکساں ہوں گے۔
سمتوں کا استعمال کر کے ہم صحیح طور پر بتا سکتے ہیں کہ کوئی چیز کہاں ہے یا کس جانب ہے۔

## • آؤ سمتیں پہچاننا سیکھیں

مشرق، مغرب، شمال اور جنوب یہ چار اہم سمتیں ہیں۔ انھیں کس طرح پہچانیں گے؟
- سؤرج جس سمت سے نکلتا ہے وہ مشرق۔ سؤرج جس سمت میں ڈؤبتا ہے وہ مغرب۔




مشرق اور مغرب یہ دونوں سمتیں ایک دوسرے کے آمنے سامنے ہیں۔ مشرق کی سمت رُخ کر کے کھڑے رہیں تو مغرب کی سمت ہمارے پیچھے ہوگی۔ اس وقت ہمارے دائیں جانب جنوب سمت ہوگی اور بائیں جانب شمال سمت ہوگی۔


سؤرج نکلتے وقت اپنے علاقے میں یہ عمل کر کے دیکھو اور سمتوں کو سمجھو۔

## دلچسپ چوکون

**نیچے ایک بڑا چوکون دیا گیا ہے۔اس چوکون میں تمھارا گھر دِکھایا گیا ہے۔اس چوکون کے چاروں جانب پیلے نشانات دیے ہوئے ہیں جن میں تمھیں سمتیں لکھنا ہے۔**

تمھارے گھر کی کس جانب سے سورج نکلتا ہے؟ یہ سمت مشرق ہے۔گھر کی جس جانب سے سورج نکلتا ہے اس سمت کے پیلے نشان میں مشرق لکھو۔مغرب سمت کی جانب موجود نشان میں مغرب لکھو۔

بقیہ دونوں پیلے نشانات میں غور کر کے شمال اور جنوب لکھو۔



تمھارے گھر کے اطراف موجود کئی چیزیں نیچے دی گئی ہیں۔ان کے نام چوکون میں لکھو۔

(۱) تمھارے پڑوس کے گھر

(۲) تمھارے گھر کے قریب کی دکان

(۳) درخت

(۴) قریب کا راستہ


(۵) قریب کا بس اسٹاپ

**اب دیکھو تمھارے گھر کا ماحول کیسا دِکھائی دیتا ہے۔**

### اساتذہ کے لیے

- طلبہ سے توقع ہے کہ وہ چوکون میں راستہ دِکھائیں تو اس ماحول کے مطابق پوری طرح دِکھائیں۔ بعض طلبہ راستہ کا صرف نشان دِکھائیں گے۔حسبِ ضرورت ان کی رہنمائی کی جائے۔
- اس بات کی جانچ کر لیں اور حسبِ ضرورت طلبہ کی مدد کریں کہ طلبہ کے ذریعے مکمل کیا گیا چوکون سمتوں کے مطابق صحیح ہے۔

## کیا تمھیں معلوم ہے؟




(۱) سورج روز نکلتا ہے اور ڈوبتا ہے۔ اسی لیے انسان نے سمتیں طے کرنے کے لیے سورج کا استعمال کیا ہے۔

(۲) قطب نما میں سوئی ہمیشہ شمال-جنوب کی سمتیں دِکھاتی ہے۔ اپنے استاد یا والدین کی مدد سے تم اسے دیکھ سکتے ہو۔

## کیا کریں گے بھلا؟

سیما اور سہیل کو اسکول میں ایک مسئلہ حل کرنے کے لیے کہا گیا ہے۔ کیا تم ان کی مدد کر سکتے ہو؟
نیچے دیا گیا معمہ حل کرو۔




(الف) اس تصویر میں سمت مشرق دِکھائی گئی ہے۔ بقیہ تینوں سمتوں کے نام پیلے چوکون میں لکھو۔
(ب) آئس کریم کی دکان سے بس اسٹاپ کی طرف جانے کے لیے کس سمت میں جانا ہوگا؟
(ج) عامر کو آئس کریم کی دکان پر جانا ہے۔ اسے کس سمت میں جانا ہوگا؟
(د) سارہ کو بس اسٹاپ کی طرف جانا ہے۔ اسے کس سمت میں جانا ہوگا؟

## آؤ کھیلیں

اپنے گاؤں کی مشرقی سمت کو پہچانو۔ اسے سمجھ لو کہ کس سمت میں کیا کیا ہے۔ اس کے بعد دائرہ کی شکل میں گول گھومتے رہو۔ اب اپنے گروپ لیڈر کی بتائی ہوئی سمت کی جانب منہ کر کے کھڑے ہو جاؤ۔ جو اس میں ناکام رہا وہ کھیل سے باہر ہو جائے گا۔

## • نقشہ میں سمتوں کا استعمال

نقشہ میں سمتیں دِکھائی گئی ہیں۔ نقشہ میں سمتوں کا دائرہ بھی دیا جاتا ہے جس سے نقشہ میں دی گئی سمتیں سمجھی جا سکتی ہیں۔ نقشہ کا مطالعہ کرنے سے پہلے اس میں دی ہوئی سمتوں کو اپنے ماحول سے ملا کر دیکھنا چاہیے۔ مثلاً نقشہ کی مغربی سمت کو اپنے ماحول کی مغربی



سمت سے ملا لینا ہوتا ہے۔ ایسا کرنے سے نقشہ میں دیے گئے مقامات کس سمت میں ہیں یہ پتہ چل جائے گا۔ درسی کتابوں کے نقشوں کا مطالعہ بھی اسی طرح کیا جائے۔

### آ ؤ دماغ پر زور دیں!

۱۔ نکلتے ہوئے سؤرج کی جانب چہرہ کر کے کھڑے رہو۔ اب تمھارا دایاں کان کس سمت میں ہے؟ بایاں کان کس سمت میں ہے؟

۲۔ سؤرج ڈؤبتے وقت تمھارا سایہ کس سمت میں بنے گا؟

---

## • ضلع، ریاست اور ملک

’بھارت میرا ملک ہے‘۔ یہ جملہ ہم ’عہد‘ میں پڑھتے رہتے ہیں۔ دوسری جماعت میں ریاست، ملک اور دنیا جیسے الفاظ تم پڑھ چکے ہو۔ اس کتاب میں بھی کئی جگہ زمین، دنیا، ملک، ریاست، ضلع، تعلقہ اور گاؤں جیسے الفاظ آئے ہیں۔ آ ؤ ہم ضلع، ریاست، ملک، زمین اور دنیا کا تعارف حاصل کرنے کی کوشش کریں۔

ہم گھر میں رہتے ہیں۔ ہمارے گھر زمین پر تعمیر ہوتے ہیں۔ یہ زمین بہت دؤر تک پھیلی ہوئی ہے۔ زمین کے بڑے حصّے کو ’برّ‘ کہا جاتا ہے۔ اسی طرح زمین پر نمکین پانی بھی پھیلا ہوا ہے جو ’بحر‘ کہلاتا ہے۔ زمین کو ’دنیا‘ بھی کہتے ہیں۔ زمین پر کئی ملک ہیں۔ یہ ملک کئی ریاستوں سے مل کر بنے ہیں۔ ہم ریاست مہاراشٹر میں رہتے ہیں۔ اس قسم کی کئی ریاستوں سے مل کر ہمارا ملک بھارت بنا ہے۔ تمھارا ضلع، ریاست مہاراشٹر، ملک بھارت اور دنیا کے نقشے یہاں دیے گئے ہیں۔ ان نقشوں سے متعلق عملی کام مکمل کرو۔

### کیا تمھیں معلوم ہے؟

**نقشہ کا اشاریہ** : نقشہ میں معلومات نشان، تصویر، علامت اور مختلف رنگوں کی مدد سے دِکھائی جاتی ہے۔ ان کی فہرست بھی نقشہ میں دی جاتی ہے۔ اسے **اشاریہ** کہتے ہیں۔ اشاریہ کی وجہ سے نقشہ سمجھنے میں آسانی ہوتی ہے۔


### اسے ہمیشہ ذہن میں رکھیں!

سمتوں کو ہم نے سؤرج کی مدد سے سمجھا۔ فطرت کی اور بھی کئی چیزیں ہمارے لیے مددگار ثابت ہوتی ہیں۔



## نقشہ سے دوستی

اپنے گاؤں ہی کی طرح کئی گاؤں، بستیاں اور شہر مل کر تعلقہ بنتا ہے۔ کئی تعلقے مل کر ضلع بنتا ہے۔ ذیل میں اپنے ضلع کا نقشہ دیا ہوا ہے۔ اس نقشے میں تعلقے اور تعلقوں کے صدر مقام دِکھائے گئے ہیں۔ نقشے میں اشاریہ دیا ہوا ہے۔ یہ اشاریہ تمھیں نقشہ سمجھنے میں مدد کرے گا۔ اشاریہ اور سمتوں کی مدد سے نقشے کو سمجھنے کی کوشش کرو اور نیچے دیے ہوئے عمل کرو۔




۱۔ اپنے تعلقے میں اپنے گاؤں کا نام لکھو۔

۲۔ اپنے ضلع کے صدر مقام کے نام کے گرد ◯ بناؤ۔

۳۔ اپنے تعلقے کی سرحد سے لگے ہوئے تعلقوں کے نام کے گرد چوکون بناؤ۔

۴۔ اپنے ضلع کی شمالی سمت میں ریاست مدھیہ پردیش کی سرحد چھوکر گزرتی ہے۔ ریاست مدھیہ پردیش اور ضلع دھولیہ کی سرحد جس تعلقے سے چھوکر گزرتی ہے اسے تلاش کرکے اس میں رنگ بھرو۔


۵۔ اپنے ضلع کی مشرقی سمت میں ضلع بلڈانہ ہے۔ اس ضلع کی سرحد سے لگنے والے تعلقوں کے نام چوکون میں لکھو۔

| |
|---|
| |



## نقشہ سے دوستی

- یہاں ریاستِ مہاراشٹر کا نقشہ دیا گیا ہے۔
- اس میں الگ الگ ضلع دِکھائے گئے ہیں۔
- اس نقشہ میں ریاست کی راجدھانی ممبئ اور ذیلی راجدھانی ناگپور کو دِکھایا گیا ہے۔





- نقشہ میں اپنا ضلع تلاش کرو اور اس میں رنگ بھرو۔
- اشاریہ میں اپنے ضلع کے لیے چوکون دیا گیا ہے۔ اس میں بھی وہی رنگ بھرو۔ اپنے ضلع کا نام اشاریہ میں 'میرا ضلع' کے آگے لکھو۔
- اپنے ضلع کے پڑوس میں پائے جانے والے ضلعوں کے نام نیچے دیے ہوئے چوکون میں لکھو۔

| |
|---|
| |


نقشہ سے دوستی

- نیچے اپنے ملک کا نقشہ دیا ہوا ہے۔
- اس میں ملک کی راجدھانی نئی دہلی بھی دِکھائی گئی ہے۔




- ملک کے نقشہ میں اپنی ریاست مہاراشٹر تلاش کرو اور اس میں رنگ بھرو۔

- نیچے دنیا کا نقشہ دیا ہوا ہے۔
- اس میں زمین (بر) سفید رنگ سے اور پانی (بحر) نیلے رنگ سے دِکھائے ہوئے ہیں۔
- دنیا میں زمین اور پانی کا حصّہ ایک ساتھ دِکھائی دے سکے اس کے لیے خاص قسم کا نقشہ تیار کیا گیا ہے۔




- دنیا کے نقشہ میں جہاں بھارت لکھا ہے اس حصّہ میں رنگ بھرو۔
- نقشہ کے پاس دیے ہوئے چوکون میں وہی رنگ بھر کر اس کے آگے **بھارت** لکھو۔

**'یہ ہمارا ملک ہے۔'**




## ہم نے کیا سیکھا؟

* اہم سمتوں کی پہچان۔
* نقشہ میں سمتوں کے دائرے کا استعمال۔
* نقشہ کی مدد سے ضلع، ریاست اور ملک کی پہچان۔



## مشق

(۱) نیچے چوکون میں سمتِ مشرق دِکھائی گئی ہے۔ بچے ہوئے چوکونوں میں دوسری سمتوں کے نام لکھو۔




(۲) مغربی سمت طے کرنے کے لیے کس چیز کا استعمال کیا جاتا ہے؟

(۳) شمال کے سامنے کون سی سمت ہے؟

(۴) قطب نما کی سوئی کون سی سمت بتاتی ہے؟

**سرگرمی :** اپنے اطراف کی سمتیں پہچانو۔ پھر اپنی نصابی کتاب میں دیا ہوا ضلع کا نقشہ صفحہ ۲۵ دیکھو۔ نقشہ میں دیے ہوئے سمتوں کے دائرے کی مدد سے اپنے اطراف کی سمتوں سے نقشہ ملا کر دیکھو۔

LMHSBT

***